BritishRedCross

Home Office

رفیوجی ویمین ڈیجیٹل امپاورمنٹ اینڈ کنیکٹ پروجیکٹ

Guide to accompany Integration Films

یوکے میں آنے والے خاندان کے افراد کے لیے ضروری معلومات

اظہار تشکر

یہ ہدایت نامہ رفیوجیویمینڈیجیٹلامپاورمنٹپروجیکٹ (Refugee Women Digital Empowerment Project) کے ذریعہ ایک معاونتی آلہ کے طور پر تیار کیا گیا اور ترجمہ کیا گیا ہے۔ اس پروجیکٹ کے لیے رقم ہوم آفس ری-سیٹلمنٹ، رفیوجی اسائلم سپورٹ اینڈ انٹیگریشن ڈائریکٹوریٹ (Home Office Resettlement, Asylum Support and Integration directorate) کی طرف سے مہیا کی گئی ہے تاکہ یوکے میں انضمام کی رکاوٹوں پر قابو پانے میں پناہ گزین عورتوں کی مدد کی جا سکے۔

ہم وائسیز (VOICES) نیٹ ورک کے ان افراد کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے جنہوں نے ان عورتوں کو فراہم کرنے کے لیے ضروری معلومات اور مواد سے متعلق اپنے خیالات، تجربہ اور جانکاری شیئر کی ہے جو رفیوجی فیملی ری-یونین ویزوں پر یوکے آتی ہیں۔ ہم فیملی ری-یونین انٹیگریشن سروس (Family Reunion Integration Service) کا بھی شکریہ ادا کریں گے جنہوں نے اپنے قابل لحاظ تجربہ اور پریکٹس سے اس معلومات اور جانکاری کی تفصیلات فراہم کی ہیں جو ذیل میں بیان کی گئی ہیں۔ مواد انگریزی، امہرک، عربی، فارسی، کردستانی (سورانی)، صومالی، ٹگرینیا اور اردو میں دستیاب ہیں۔

مشمولات

آپ کا ویزا، آپ کا BRP اور آپ کے انتخابات 3
یونیورسل کریڈٹ (Universal Credit) 4
ہاؤسنگ 5
ہیلتھ کیئر 8
بچوں کی اسکولنگ 11
بچوں کو محفوظ رکھنا 12
گھریلو بدسلوکی 13
خاندان سے علیحدگی: 14

یوکے میں آنے والے خاندان کے افراد کے لیے ضروری معلومات

اس دستاویز میں آپ کی مدد کرنے کے لیے معلومات موجود ہے اگر آپ خاندان کے کسی ایسے فرد کے پاس رہنے کے لیے جو پناہ گزین ہے رفیوجی فیملی ری-یونین ویزا پر حال ہی میں یوکے آئے ہیں یا آنے والے ہیں۔ اس سے آپ کو اس بارے میں کچھ چیزیں سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے کہ کس چیز کی توقع کریں اور یہ آپ اور آپ کے خاندان کو ضروری تعاون حاصل کرنے میں بھی مدد دے سکتی ہے۔

آپ کا ویزا، آپ کا BRP اور آپ کے انتخابات۔

آپ کے رفیوجی فیملی ری-یونین ویزا کا مطلب ہے کہ آپ یہاں اپنے ایسے پارٹنر یا خاندان کے فرد کے ساتھ اپنے رشتہ کی وجہ سے آئے ہیں جو پناہ گزین کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہیں آپ کا کفیل کہا جاتا ہے۔ اس ویزا کی کچھ ایسی شرائط ہیں جن کا پاس رکھنے کی آپ سے توقع کی جاتی ہے جیسے اپنے کفیل کے ساتھ رہتے رہنے کے تئیں آپ کا مقصد اور اگر وہ آپ کے پارٹنر ہیں تو ان کے ساتھ اپنا رشتہ برقرار رکھنا۔

آپ کا رفیوجی فیملی ری-یونین ویزا اس وقت تک برقرار رہے گا جب تک کہ آپ کا کفیل پناہ گزین کی حیثیت رکھتا ہے، اور جب وہ یوکے میں "قیام" کرنے کے لیے درخواست دیں گے تو اسی وقت ان کے ساتھ آپ کو بھی درخواست دینی ہوگی۔

خود آپ کو پناہ گزین کی حیثیت حاصل نہیں ہے، اس لیے آپ اپنے ملک جا سکتے ہیں، جب کہ آپ کا کفیل (جو ایک پناہ گزین ہے) نہیں جا سکتا۔ امیگریشن سے متعلق کسی ایسے صلاح کار سے رابطہ کرنا اہم ہے جو آپ کو اس بارے میں معلومات فراہم کر سکے کہ اپنی یا اپنے پارٹنر کی امیگریشن حیثیت یا مستقبل میں ویزا کی کسی ایسی درخواست کو متاثر کیے بغیر جو آپ یوکے میں قیام کے لیے دے سکتے ہیں یوکے سے باہر کا سفر کس طرح کریں۔ آپ کو امیگریشن سے متعلق صلاح کار مقامی طور پر یا ان جگہوں میں سے کسی ایک سے مل سکتا ہے:

OISC
www.home.oisc.gov.uk

لاء سوسائٹی ناردرن آئرلینڈ
www.lawsoc-ni.org/solicitors

امیگریشن لاء پریکٹشنرز ایسوسی ایشن
www.ilpa.org.uk

آپ کے لیے یوکے آنے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو اپنا بایومیٹرک ریزیڈنس پرمٹ (BRP) وصول کرنا لازمی ہے۔ آپ کے فیصلے کا خط آپ کو بتائے گا کہ آپ اپنا BRP کہاں سے وصول کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کے خاندان کے فرد کے مقامی پوسٹ آفس پر ہوگا۔ اپنا BRP وصول کرنے کے لیے آپ کے لیے اپنے ساتھ اپنا ویزا لے جانا لازمی ہے۔ آپ اپنا BRP وصول کرنے سے متعلق پریشانیوں کی اطلاع آن لائن www.gov.uk/biometric-residence-permits/collect پر دے سکتے ہیں۔

ایک بالغ فرد کی حیثیت سے یوکے میں رہنے کا انتخاب ہمیشہ آپ کا ہے۔ اگر کوئی آپ کو سفر کرنے، یا یہاں رہنے، پر مجبور کر رہا ہے تو آپ مدد کے لیے 24 گھنٹے **نیشنل ڈومیسٹک ابیوز ہیلپ لائن** یا **پولیس** کو 101 پر فون کر سکتے ہیں۔ اگر یہ کوئی ایمرجنسی ہے تو آپ کو 999 پر ایمرجنسی سروسیز کو کال کرنی چاہیے۔ اگر آپ انہیں وہ زبان بتائیں گے جو آپ بولتے ہیں تو وہ کوئی ترجمان تلاش کر سکتے ہیں۔

نیشنل ڈومیسٹک ابیوز ہیلپ لائن (National Domestic Abuse Helpline)
0808 2000 247

اگر کوئی آپ کو سفر کرنے، یا یہاں رکنے، کے لیے مجبور کر رہا ہے، اور آپ کو آپ کی مرضی کے خلاف، یا اپنے فائدے کے لیے، کوئی بری چیز کرنے کے لیے مجبور کر رہا ہے تو آپ ماڈرن سلیوری ہیلپ لائن (Modern Slavery Helpline) یا پولیس کو کال کر سکتے ہیں۔

ماڈرن سلیوری ہیلپ لائن
08000 121 700

یونیورسل کریڈٹ (Universal Credit)

آپ رفیوجی فیملی ری-یونین ویزا پر یوکے میں کام کر سکتے ہیں۔ آپ "پبلک فنڈز" بھی وصول کر سکتے ہیں جسے منافع یا فلاحی تعاون بھی کہا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ کام کرنے سے قاصر ہیں، کام تلاش کر رہے ہیں لیکن ابھی کوئی ملازمت نہیں ملی ہے، یا آپ کو اتنی ادائیگی نہیں کی جاتی ہے جس سے کام چل سکے تو اسٹیٹ آپ کو بنیادی ماہانہ ادائیگی فراہم کرے گی۔ اسے **یونیورسل کریڈٹ** کہا جاتا ہے۔

> **یونیورسل کریڈٹ** یہ آپ کے بینک کھاتہ میں ماہانہ ادا کیا جاتا ہے، اور آپ کو یونیورسل کریڈٹ کے لیے آن لائن درخواست دینے کی ضرورت ہے۔ اسے وصول پانے کے لیے کچھ شرائط ہیں۔ آپ کے لیے ایک معاہدہ پر دستخط کرنا لازمی ہے اور اگر آپ اس کی شرائط پر عمل نہیں کرتے ہیں تو آپ کو جرمانوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔
>
> یونیورسل کریڈٹ آپ کے زندگی گزارنے کے اخراجات کی ادائیگی کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جیسے کھانا، کپڑے، ٹرانسپورٹ، گھرانے کے بل اور کوئی بھی ایسی چیز جو آپ خریدنا چاہتے ہیں۔
>
> یونیورسل کریڈٹ کی وہ رقم جو آپ پاتے ہیں آپ کے حالات پر منحصر ہے، جیسے آیا آپ کے بچے ہیں، آپ کو کوئی ایسی معذوری یا طبی عارضہ لاحق ہے جس کا مطلب ہے کہ آپ کام نہیں کر سکتے، یا آپ کو اپنا کرایہ ادا کرنے کے ضمن میں مدد کی ضرورت ہے، اور یہ کہ آپ کے پارٹنر کی آمدنی کتنی ہے۔

یونیورسل کریڈٹ، اور دیگر منافع سمجھنے میں پیچیدہ ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ اس بارے میں سوالات رکھتے ہیں کہ یونیورسل کریڈٹ کس طرح کام کرتا ہے تو آپ درج ذیل پر کال کر سکتے ہیں:

یونیورسل کریڈٹ ہیلپ لائن	☎ 0800 328 5644
سٹیزنس ایڈوائس بیورو ایڈوائس لائن (انگلینڈ)	☎ 0800 144 8 444
سٹیزنس ایڈوائس بیورو ہیلپ ٹو کلیم (اسکاٹ لینڈ)	☎ 0800023 2581
سٹیزنس ایڈوائس بیورو ایڈوائس لنک (ویلز)	☎ 0800702 2020 / 08000 241 220
ایڈوائس NI (ناردرن آئرلینڈ)	☎ 0800 915 4604

میں یونیورسل کریڈٹ کی درخواست کا آغاز کس طرح کروں؟

اگر آپ کا پارٹنر پہلے ہی سے یونیورسل کریڈٹ پاتا ہے تو آپ کے لیے مشترک کلیم کرنا **لازمی** ہے۔ اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو آپ کے پارٹنر کی یونیورسل کریڈٹ کی ادائیگیاں اس وقت عارضی طور پر، تقریبا 5 ہفتوں کے لیے، بند ہو جائیں گی، جب جاب سنٹر (Job Centre) آپ کے کلیمز کو ضم کرتا ہے۔ آپ کو اس مدت کے دوران کھانا، کرایہ اور بلوں کی ادائیگی کرنے کی خاطر مدد کے لیے درخواست دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ آپ یہ معلوم کرنے کے لیے جاب سنٹر سے بات کرنے کے خواہاں ہو سکتے ہیں کہ آیا آپ کو اس مدت کے دوران پیشگی ادائیگی، لون یا کوئی دیگر معاونتی ادائیگیاں مل سکتی ہیں۔

یونیورسل کریڈٹ کی نگرانی جاب سنٹر کے ذریعہ کی جاتی ہے جس کا کردار کام تلاش کرنے میں لوگوں کی مدد کرنا ہے۔ جب آپ جاب سنٹر جائیں گے تو آپ کی ملاقات ایک 'ورک کوچ' سے ہوگی۔ وہ ایک قومی بیمہ نمبر (NINO) کے لیے درخواست دینے میں آپ کی مدد کریں گے، اگر آپ کے پاس کوئی نہیں ہے۔ یہ ایک منفرد اور ذاتی نمبر ہوتا ہے جو یوکے میں لوگوں کے پاس ہوتا ہے اور کام کی خاطر درخواست دینے، ٹیکس ادا کرنے اور منافع وصول کرنے کے لیے اس کی ضرورت ہوتی ہے۔

اسے یہ پوچھے بغیر لوگوں کو نہ دیں کہ یہ کیوں مطلوب ہے کیوں کہ یہ شناختی دھوکہ دہی میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ NINO نمبر آنے میں تقریبا 2-6 ہفتے لگتے ہیں۔ یہ آپ کے پاس بذریعہ پوسٹ بھیجا جائے گا۔

یونیورسل کریڈٹ کلیم کا آغاز کرنے سے متعلق مزید معلومات یہاں سے مل سکتی ہیں: www.gov.uk/apply-universal-credit

میں جاب سنٹر میں کس چیز کا مطالبہ کروں؟

آپ **جاب سنٹر کے اپائنٹمنٹس کے لیے ایک ترجمان کا مطالبہ کر سکتے ہیں** اگر آپ کو اس کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کی انگریزی خاص طور پر اچھی نہیں ہے یا آپ کمپیوٹر استعمال کرنا نہیں جانتے ہیں تو آپ اپنی پہلی ملاقات میں اپنے ورک کوچ سے 'نان-ڈیجیٹل رشتہ' کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ آپ سے کمپیوٹر کی بجائے فون سے رابطہ کریں گے۔

اصول کیا ہیں؟

جب آپ اپنے ورک کوچ سے ملیں گے تو وہ آپ سے یونیورسل کریڈٹ، جسے 'مدعی کی عہدبستگی' کہا جاتا ہے، پانے سے متعلق اصولوں کے بارے میں بات کریں گے۔ یہ وہ کارروائیاں ہیں جو آپ یہ دکھانے کے لیے کرنے سے اتفاق کرتے ہیں کہ آپ کام تلاش کر رہے ہیں۔ وہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ سے ملازمتوں کی ایک مخصوص تعداد کے لیے درخواست دینے یا اپنی انگریزی بہتر کرنے کے لیے کہا جائے۔ اگر آپ اس معاہدہ کا پاس نہیں رکھتے ہیں تو آپ پر جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے، جس میں آپ کو ادا کیے جانے والے منافع کا کچھ یا پورا حصہ بند کیا جانا بھی شامل ہو سکتا ہے۔ اسے سینکشن کہا جاتا ہے۔ یہ اہم ہے کہ آپ اپنے معاہدہ اور اس چیز کو سمجھیں کہ آپ کے لیے کیا اور کب کرنا ضروری ہے۔ جب آپ اپنے ورک کوچ سے ملیں گے تو آپ واضح اور تحریری ہدایات کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے آن لائن جرنل پر نظر ڈالتے ہوئے بھی اپنی مدعی کی عہدبستگیاں دیکھ سکتے ہیں۔

اگر آپ کا پارٹنر کام کر رہا ہے تب بھی آپ یونیورسل کریڈٹ کے لیے درخواست دیتے ہوئے اضافی مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں، لیکن آپ کے پارٹنر کی آمدنی اس چیز کو متاثر کرے گی کہ آپ کتنی رقم وصول پاتے ہیں۔

اگر آپ کے بچے ہیں

یونیورسل کریڈٹ اور چائلڈ بینیفٹ کے مابین ایک فرق پایا جاتا ہے:

چائلڈ بینیفٹ وہ رقم ہے جو ان والدین یا دیگر لوگوں کو ادا کی جاتی ہے جو کسی بچہ کی پرورش و پرداخت کے لیے ذمہ دار ہیں۔ آپ 16 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے، اور کبھی کبھی زیادہ بڑے (16-20 سال کے) بچوں کے لیے بھی چائلڈ بینیفٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، اگر وہ منظور شدہ کل وقتی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

آپ اس ویب سائٹ سے ایک **چائلڈ بینیفٹ فارم** ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں: www.gov.uk/child-benefit/how-to-claim.

کیا مجھے کوئی بینک کھاتہ کھلوانا چاہیے؟

یونیورسل کریڈٹ ایک بینک کھاتہ میں ادا کیا جاتا ہے، اور اکثر یہ پہلے سے موجود مدعی کا بینک کھاتہ ہوتا ہے۔ آپ اسے بدلنے کی درخواست کر سکتے ہیں، لیکن اسے دو بینک کھاتوں کے مابین "بانٹنا" ممکن نہیں ہے۔

خود منافع جیسے چائلڈ بینیفٹ وصول کرنے کے لیے، آپ کو ایک بینک کھاتہ کھولنے کی ضرورت ہے۔ کوئی بینک کھاتہ کھولنے کے لیے آپ کو ایسی دستاویزات کی ضرورت ہے جو آپ کی **شناخت، امیگریشن حیثیت اور پتہ** کو ثابت کرتی ہوں۔ کھاتہ پانے کے لیے بینکوں کے اکثر مختلف طریقے کار ہوتے ہیں۔ معلوم کرنے کا سب سے بہتر طریقہ کسی بینک میں جانا اور یہ پوچھنا ہے کہ ان کے یہاں کوئی کھاتہ کس طرح کھولا جا سکتا ہے۔

ہاؤسنگ

میں کوئی گھر کس طرح تلاش کروں؟

یوکے میں ہاؤسنگ کا معاملہ پیچیدہ ہے، اور آپ کے اختیارات کا انحصار اس پر ہو سکتا ہے کہ یوکے میں آپ کہاں رہتے ہیں اور آپ کے خاندان کی حالت کیا ہے۔ آپ کو امکانی طور پر صلاح کی ضرورت ہو سکتی ہے، اگر آپ کے پاس منتقل ہونے کے لیے پہلے ہی سے کوئی مناسب گھر نہیں ہے۔ شیلٹر (Shelter)، ایک قومی رفاہی ادارہ، انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ اور ویلز میں آپ کے حقوق اور استحقاقات کے بارے میں صلاح فراہم کرتا ہے۔ ہاؤسنگ ایڈوائس NI خاص طور پر ناردرن آئرلینڈ میں باشندگان کو صلاح فراہم کرتا ہے۔

شیلٹر (انگلینڈ)
www.shelter.org.uk 0808 800 4444

شیلٹر (اسکاٹ لینڈ)
www.shelter.org.uk 0808 800 4444

شیلٹر (ویلز)
www.sheltercymru.org.uk 08000 495 495

ہاؤسنگ ایڈوائس NI
www.housingadviceni.org 028 9024 5640

سوشل ہاؤسنگ یا کونسل ہاؤسنگ کیا ہے؟

"سوشل ہاؤسنگ" وہ رہائش گاہ ہے جو حکومت کے ذریعہ ان لوگوں کے لیے فراہم کی جاتی ہے جو بے گھر ہونے کا سامنا کر رہے ہیں، لیکن یوکے میں بہت سے لوگ کسی مالک مکان سے نجی طور پر مکان کرایہ پر لیتے ہیں یا ان کے اپنے گھر ہوتے ہیں۔

حکومت کچھ حالات میں خاندانوں کو رہائش فراہم کرنے میں مدد کر سکتی ہے، مثال کے طور پر اگر رہائش گاہ میں بہت زیادہ بھیڑ بھاڑ ہے، یا وہ بہت خراب حالت میں ہے، اگر آپ تشدد کے خطرے میں ہیں یا اگر آپ بے گھر ہونے کے خطرے میں ہیں۔

اگر آپ بے گھر ہیں یا سوچتے ہیں کہ آپ اگلے 56 دنوں میں بے گھر ہو سکتے ہیں تو آپ اپنی مقامی مقتدرہ کے ہاؤسنگ آفس (انہیں **مقامی کونسل** بھی کہا جا سکتا ہے) سے رابطہ کرتے ہوئے اپنے پورے خاندان کے لیے کوئی گھر تلاش کرنے میں مدد طلب کر سکتے ہیں، اگر آپ ناردرن آئرلینڈ میں ہیں تو آپ **ہاؤسنگ ایگزیکٹیو** سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اپنی مقامی مقتدرہ کو تلاش کریں www.gov.uk/homelessness-help-from-council

ناردرن آئرلینڈ کی ہاؤسنگ ایگزیکٹیو www.nihe.gov.uk

کونسل جائزہ لیتی ہے کہ کون سوشل ہاؤس پا سکتا ہے۔ وہ "بے گھر ہونے کی تشخیص" کرتی ہے اور اس چیز پر غور کرتی ہے کہ وہ کیا پیش کش کر سکتے ہیں۔ طویل مدتی رہائش گاہ پانے میں طویل مدت تک انتظار کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ کسی بیڈ اینڈ بریک فاسٹ یا کسی ہاسٹل میں رکھے جا سکتے ہیں۔

اس چیز پر نظر ڈالتے وقت کہ آیا وہ آپ کی مدد کر سکتے ہیں مقامی مقتدرہ آپ کی ضروریات کی تشخیص کرنے کے لیے ثبوت طلب کر سکتی ہے جیسے:

- **آپ کی امیگریشن حیثیت کا ثبوت۔** اس کا مطلب یہ ہے کہ انہیں یہ جاننے کی ضرورت ہوگی کہ آپ کے پاس ویزا یا یوکے میں رہنے کا حق ہے اور کن شرائط کے تحت۔
- **'ترجیحی ضرورت' کا ثبوت۔** اس کا مطلب ہے ذاتی سوالات پوچھنا جیسے آیا خاندان میں کوئی حمل سے ہے، کوئی معذوری، طبی عارضہ رکھتا ہے یا تشدد کے خطرے میں ہے یا خاندان کا کوئی فرد 18 سال سے کم عمر کا ہے۔
- **اس چیز کا ثبوت کہ آپ خود اپنی کسی غلطی کی وجہ سے بے گھر نہیں ہیں۔** اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ آپ دکھا سکتے ہیں کہ آپ نے گھر چھوڑنے کا انتخاب نہیں کیا تھا، یا یہ کہ آپ نے ایسی مدد کی پیش کش مسترد نہیں کی تھی جو کی گئی تھی۔

- **'مقامی تعلق' کا ثبوت**. اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ جاننا چاہتے ہیں کہ وہ آپ کے تئیں ذمہ داری رکھتے ہیں۔ مقامی تعلق کا عام طور پر یہ مطلب ہوتا ہے کہ آپ وہاں ایک مدت تک رہے ہیں، آپ وہاں کام کر رہے ہیں، یا آپ کے خاندان کے ایسے افراد ہیں جو وہاں رہتے ہیں۔ عام طور پر، رفیوجی فیملی ری-یونین میں، وہ علاقہ جہاں خاندان مقامی تعلق رکھتے ہیں ایسا علاقہ ہوتا ہے جہاں کفیل اس وقت رہ رہا تھا جب ان کے لیے پناہ گزین کی حیثیت منظور کی گئی تھی۔ اگر آپ کسی ایسے علاقہ میں منتقل ہوتے ہیں جہاں آپ کوئی مقامی تعلق نہیں رکھتے ہیں تو ہو سکتا ہے کہ مقامی مقتدرہ مدد کرنے کی اہل نہ ہو۔

مجھے کس قسم کی ہاؤسنگ کی پیش کش کی جائے گی؟

آپ اس ہاؤسنگ سے متعلق بہت زیادہ انتخاب نہیں رکھتے ہیں جس کی آپ کو پیش کش کی جاتی ہے، کیوں کہ ہاؤسنگ کی فراہمی بہت کم ہے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ اس جگہ، یا اس شہر میں بھی، نہ ہو جہاں آپ چاہتے ہیں، اور ہو سکتا ہے کہ ہاؤسنگ کا معیار وہ نہ ہو جس کی آپ توقع رکھتے ہیں۔

مزید مستقل ہاؤسنگ تک پہنچنے میں مہینوں، یا برسوں بھی، لگ سکتے ہیں، اور مکانات تلاش کرنا اور ان کے لیے بولی لگانا آپ کی ذمہ داری ہے۔

اگر میں وہ رہائش گاہ نہیں چاہتا ہوں جس کی پیش کش کی گئی ہے تو کیا ہوگا؟

آپ کرایہ پر لینے کی درخواست دینے کے لیے اس پر بولی لگا سکتے ہیں کہ آپ کون سے سوشل ہاؤسیز چاہتے ہیں، لیکن کبھی کبھی اگر آپ کو فوری طور پر رہائش مہیا کیے جانے کی ضرورت ہو تو آپ کو عارضی طور پر کسی جگہ رہنے کی پیش کش کی جا سکتی ہے۔ آپ کو چاہیے کہ کسی ایسی سوشل رہائش گاہ کا انکار کرنے سے پہلے آزاد صلاح حاصل کریں جس کی آپ کو کونسل کے ذریعہ پیش کش کی جاتی ہے، کیوں کہ نہ کہنے کے نتائج برے ہو سکتے ہیں۔ کچھ حالات میں کونسل پا سکتی ہے کہ آپ نے خود ہی بے گھر ہونے کا انتخاب کیا ہے، اور وہ آپ کی مزید مدد کرنے سے انکار کر سکتے ہیں۔

کرایہ کے لیے ادائیگی کرنا

اگر آپ یونیورسل کریڈٹ وصول پا رہے ہیں تو اس میں، آپ کی رہائش کے لیے ادائیگی کرنے کی بابت، رقم شامل ہوگی۔ اگر آپ پتہ بدلتے ہیں تو آپ کو جاب سنٹر کو مطلع کرنے کی ضرورت ہوگی۔

اگر آپ کا خاندان بڑا ہے تو بہت زیادہ بھیڑ بھاڑ سے بچنے کے لیے آپ کو نسبتا بڑے مکان کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ یاد رکھیں کہ حکومتی امداد کی اس رقم کی کچھ حدود ہیں جو آپ یونیورسل کریڈٹ سے کرایہ ادا کرنے کے ضمن میں پا سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو اپنی دیگر آمدنی کا استعمال کرتے ہوئے کرایہ ادا کرنا پڑ سکتا ہے، تاکہ اپنے مالک مکان کے ضمن میں مقروض ہونے سے بچ سکیں، جسے کرایہ کے بقایاجات کہا جاتا ہے۔ آپ کو جو مدد مل سکتی ہے اس کی حدود مختلف ہو سکتی ہیں جس کا انحصار آپ کے مکان کے حجم اور اس چیز پر ہے کہ آپ کہاں رہتے ہیں۔

آپ مقامی مقتدرہ سے مالی مدد (مثلا ڈسکریشنری ہاؤسنگ پیمنٹ) کی درخواست کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں، اگر آپ کو نسبتا سستی رہائش گاہ تلاش کرنے کے دوران عارضی تعاون کی ضرورت ہے یا آپ ایسی رقم کا انتظار کر رہے ہیں جو آپ کو ادا کی جانی ہے۔ ہر مقامی مقتدرہ اس ضمن میں مالی مدد فراہم کرنے کی اہل نہیں ہوگی اور یہ آپ کے خاندان کے انفرادی حالات پر منحصر ہے۔

کیا میں نجی ہاؤسنگ کرایہ پر لے سکتا ہوں؟

سوشل ہاؤسنگ کی بجائے، نجی کرایہ کی ہاؤسنگ پانا زیادہ آسان ہے، جس میں کسی مالک مکان کے ساتھ ایک مقررہ مدت کا معاہدہ شامل ہوتا ہے۔ نجی ہاؤسنگ لوکل لیٹنگس کے ایجنٹوں کے واسطہ سے اور پراپرٹی لسٹنگ ویب سائٹوں پر مل سکتی ہے۔ نجی طور پر کرایہ پر دی جانے والی ہاؤسنگ کی قسمیں پورے ملک میں مختلف ہوں گی۔

جب آپ کو کرایہ پر لینے کے لیے کوئی جگہ مل جائے گی تو آپ کو بطور ضمانت ڈپوزٹ جمع کرنے کی ضرورت ہوگی جو ایک ایسی رقم ہے جو امکانی نقصان کی بھرپائی کے لیے پیشگی ادا کی جانی ہوتی ہے۔ یہ عام طور پر کم سے کم ایک مہینہ کا کرایہ ہوتا ہے۔

آپ کو ایک 'کرایہ داری معاہدہ' پر دستخط کرنے کی بھی ضرورت ہوگی۔ یہ آپ (کرایہ دار) اور اس مالک مکان کے مابین ایک قانونی معاہدہ ہے جو ہاؤسنگ کا مالک ہے (یہ مقامی مقتدرہ، کوئی ہاؤسنگ ایسوسی ایشن یا کوئی نجی فرد بھی ہو سکتا ہے)۔

آپ کا کرایہ داری معاہدہ کریہ دار اور مالک مکان کے حقوق اور ذمہ داریوں کو بیان کرتا ہے۔ یہ اس کی بھی وضاحت کرے گا کہ آپ کس تاریخ میں منتقل ہو سکتے ہیں، معاہدہ کتنی مدت کے لیے ہے، کرایہ کتنا ہے اور آپ کے لیے اسے کب ادا کرنا لازمی ہے۔

ہیلتھ کیئر

نیشنل ہیلتھ سروس (NHS) یوکے میں رہنے والے لوگوں کو طبی خدمات فراہم کرتی ہے۔ ان میں سے زیادہ تر خدمات مفت ہیں۔

میں کسی ڈاکٹر کے یہاں کس طرح رجسٹریشن کراؤں؟

یوکے میں، فیملی ڈاکٹرز کو جنرل پریکٹشنرز "GP" کہا جاتا ہے۔ GP ہی وہ پہلا ڈاکٹر ہے جس سے آپ ہیلتھ کیئر تک رسائی حاصل کرتے وقت ملاقات کریں گے۔ وہ GP سرجریوں میں کام کرتے ہیں۔ NHS چوائسیز کی ویب سائٹ پر یوکے کی تمام GP سرجریوں کی ایک فہرست موجود ہے:
www.nhs.uk/Service-Search/GP/LocationSearch/4

طبی علاج وصول پانے کے لیے، آپ اور آپ کے بچوں کا **جلد سے جلد کسی GP کے یہاں رجسٹریشن ہونا لازمی ہے، خواہ آپ بیمار نہ بھی ہوں۔** یوکے میں، تمام والدین کے لیے اپنے بچوں کا رجسٹریشن کسی GP کے یہاں کرانا لازمی ہے۔ رجسٹریشن کرنے کے لیے GP سرجری آپ سے کچھ شناختی دستاویزات اور آپ کے یوکے کے پتہ کے ثبوت کے لیے کوئی چیز طلب کر سکتی ہے۔ تاہم، آپ ان کے بغیر بھی رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ آپ سے آپ کی امیگریشن حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جانا چاہیے۔ اگر آپ کو اپنے GP کے یہاں رجسٹریشن کرانے میں پریشانی ہوتی ہے تو آپ درج ذیل سے رابطہ کر سکتے ہیں:

ڈاکٹرز آف دی ورلڈ ☎ 0808 1647 686 ای میل clinic@doctorsoftheworld.org.uk۔

ڈاکٹر کے اپائنٹمنٹس

جب آپ کا رجسٹریشن ہو جائے تو اگر آپ کو اپنے GP سے ملنے کی ضرورت ہو تو آپ کے لیے پہلے اپائنٹمنٹ لینے کی خاطر سرجری میں ٹیلیفون کرنا لازمی ہے۔ اپائنٹمنٹ کے بغیر GP آپ سے ملاقات نہیں کرے گا۔

آپ طبی اپائنٹمنٹس کے لیے کسی ترجمان کا مطالبہ کر سکتے ہیں اور ان کی جنس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ اس طبی پیشہ ور فرد کی جنس کی بھی درخواست کر سکتے ہیں جس سے آپ ملنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو آپ اپنے ساتھ اپائنٹمنٹس میں کسی شخص (جسے اتالیق کہا جاتا ہے) کے آنے کی بھی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کا کوئی جاننے والا، یا کوئی دوسرا پیشہ ور فرد بھی ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کا GP آپ کو کوئی اپائنٹمنٹ نہیں دے سکتا اور آپ کو فوری مدد کی ضرورت ہے تو آپ کسی واک-ان سنٹر میں جانے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ یہ کسی ایسی پریشانی کے لیے ہے جسے طبی توجہ کی ضرورت ہو لیکن جو جان لیوا نہ ہو جیسے ہلکا پھلکا جلنا، کٹنا، دانت سے کاٹا جانا اور کان کے انفیکشنز۔

میں کسی دانت کے ڈاکٹر کے یہاں کس طرح رجسٹریشن کراؤں؟

سب نہیں لیکن کچھ دانت کے ڈاکٹر NHS کا علاج فراہم کرتے ہیں۔ زیادہ تر نجی (فیس کی ادائیگی والا) علاج بھی فراہم کرتے ہیں۔ آپ کو کسی دانت کے ڈاکٹر کے یہاں NHS کے مریض کے طور پر رجسٹریشن کرانا چاہیے اور اگر آپ منافع وصول پا رہے ہیں تو آپ کو انہیں بتانا چاہیے، جس صورت میں آپ کی جانچیں اور ضروری علاج مفت ہوں گے۔ دانت کے ڈاکٹر صلاح دیتے ہیں کہ آپ اپنے دانتوں کی برابر، عام طور پر ہر 6 مہینے میں، جانچ کراتے رہیں۔

یاد رکھیں کہ **یونیورسل کریڈٹ وصول پانے سے پہلے دانت کا علاج کرانے میں چارجیز لگ سکتے ہیں۔**

کیا مجھے کسی طبی عارضہ کے ضمن میں اضافی مالی تعاون مل سکتا ہے؟

آپ کو یونیورسل کریڈٹ کی طرف سے اضافی رقم مل سکتی ہے، اگر آپ کو کوئی ایسا طبی عارضہ ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کام کرنے یا کام کے لیے تیاری کرنے سے قاصر ہیں۔

16 سال سے کم عمر کے بچے مفت نسخے حاصل کر سکتے ہیں۔ بصورت دیگر، آیا آپ کے لیے نسخہ کے لیے ادائیگی کرنا لازمی ہے اس کا انحصار آپ کی آمدنی، آپ یوکے میں کہاں رہتے ہیں، آپ کی عمر اور اس بات پر ہے کہ آپ کا نسخہ کس چیز کے لیے ہے۔ اگر آپ کم آمدنی پر ہیں تو آپ طبی لاگتوں جیسے نسخے، دانت کی نگہداشت اور آنکھ کی جانچوں کے ضمن میں مدد کے لیے NHS کی لو-انکم اسکیم کے لیے درخواست دینے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ **اپنے GP، جاب سنٹر یا مائیگرینٹ ہیلپ (Migrant Help) سے پوچھیں۔**

مائیگرینٹ ہیلپ ☎ 0808 800 630 🌐 www.migranthelpuk.org

میں کسی طبی ایمرجنسی میں کیا کروں؟

جان لیوا ایمرجنسی یا سنگین چوٹ کے لیے، آپ کو ایسے قریب ترین ہسپتال میں جانا چاہیے جس میں حادثہ و ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ (A&E) یا ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ (ED) ہو۔ پبلک ہسپتال 24 گھنٹے یومیہ کھلے ہوتے ہیں۔

اگر آپ ہسپتال تک نہیں پہنچ سکتے تو آپ ایمبولنس کے لیے ایمرجنسی خدمات کو 999 پر کال کر سکتے ہیں۔
آپ کو اپنا پتہ دینے اور یہ وضاحت کرنے کی ضرورت ہوگی کہ کیا پیش آیا ہے۔ 999 کے آپریٹرز آپ کو صلاح دیں گے کہ کیا کریں اور آپ کو بتائیں گے کہ ایمبولنس آنے میں کتنا وقت لگے گا۔

اگر کوئی ایمرجنسی نہیں ہے لیکن آپ کو فوری طور پر طبی صلاح یا علاج کی ضرورت ہے تو آپ 111 پر کال کر سکتے ہیں۔ آپ انہیں فون پر اپنی زبان بتا سکتے ہیں، اور وہ کوئی ترجمان تلاش کر لیں گے۔

کیا میری جذباتی سلامتی یا دماغی صحت کے لیے تعاون دستیاب ہے؟

یہ عام بات ہے کہ اس وقت خوشی لیکن مشکل جذبات کا بھی ایک مجموعہ پایا جاتا ہے جب آپ اپنے خاندان سے دوبارہ ملتے ہیں۔ ایک نئے ملک، نئی زبان اور نئی جگہ میں رہائش کے مطابق خود کو ڈھالنے میں وقت لگتا ہے۔ کچھ لوگوں کے لیے، ہم آہنگ ہونا بہت مشکل ہو سکتا ہے، اور آپ غمزدہ، ناراض، تنہا، افسردہ خاطر یا فکرمند محسوس کر سکتے ہیں۔

جذباتی سلامتی اہم ہے۔ یوکے میں لوگ دماغی صحت کی اصطلاح کا استعمال اس انداز کو بیان کرنے کے لیے کرتے ہیں جس انداز میں وہ اپنی زندگیوں میں چیزوں کے تئیں سوچتے، محسوس کرتے یا رد عمل ظاہر کرتے ہیں۔ دماغی صحت کی پریشانیاں وہ تشویشات ہو سکتی ہیں جن کا سامنا ہم سب روز مرہ زندگی کے حصہ کے طور پر، یا زیادہ سنگین، طویل مدتی پریشانیوں کی صورت میں کرتے ہیں۔ یوکے میں 6 میں سے 1 بالغ فرد نے اپنی دماغی صحت کے ضمن میں دشواریوں کا سامنا کیا ہے اور لوگوں کے لیے مدد حاصل کرنا عام بات ہے اور یہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس کے تعلق سے سراسیمہ ہوا جائے۔ GP جذباتی اور دماغی صحت کے لیے مفت صلاح اور علاج فراہم کر سکتے ہیں، لیکن معالجہ کے لیے انتظار کرنا پڑ سکتا ہے۔

مزید تعاون کے لیے:

مائنڈ	☎ 0300 123 3393	ٹیکسٹ 86463 www.mind.org.uk
سمریٹنز	☎ 116 123	ای میل: jo@samaritans.org

کیا میری جنسی صحت کے لیے تعاون دستیاب ہے؟

آپ کو ایسی مفت خدمات تک رسائی حاصل کرنے کا حق حاصل ہے جو آپ کی جنسی صحت کے بارے میں معلومات اور مدد حاصل کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ تمام طبی صلاح اور روداد خفیہ ہوتی ہے اور آپ اور آپ کے ڈاکٹر کے مابین رہتی ہے۔

لوگوں کے لیے حمل کی منصوبہ بندی کرنے میں مدد کے لیے مانع حمل دوا کا استعمال کرنا اور اپنے خاندان کے حجم پر اختیار رکھنا عام بات ہے۔ اس بارے میں، بلا معاوضہ، بات کرنے اور مانع حمل کا ایسا طریقہ معلوم کرنے کے لیے جو آپ کے لیے موزوں ہو آپ اپنے GP کے پاس یا جنسی صحت سے متعلق کسی کلینک میں جا سکتے ہیں۔

کنڈومز جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشنز (STI) کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ آپ اپنے ڈاکٹر یا جنسی صحت سے متعلق کلینک سے مفت کنڈومز طلب کر سکتے ہیں اور اسی طرح وہ جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشنز کے لیے آپ کی جانچ اور علاج بھی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ایسی عورت ہیں جو حمل سے ہیں اور آپ نہیں جانتی ہیں کہ آیا آپ کو اپنا حمل جاری رکھنا چاہیے تو آپ کے پاس کئی اختیارات ہیں۔ یوکے میں، ایک خاص وقت تک اسقاط حمل قانونی اور مفت ہے، لیکن اس تعلق سے علاقائی فرق پائے جاتے ہیں کہ خدمات تک کس طرح رسائی حاصل کریں۔ عورتیں، درج ذیل سے رابطہ کرتے ہوئے، مزید جانکاری حاصل کر سکتی ہیں:

برٹش پریگننسی ایڈوائزری سروس (British Pregnancy Advisory Service) ☎ 03457 30 40 320۔

یا اگر آپ ناردرن آئرلینڈ میں ہیں تو آپ **انفارمنگ چوائسیز NI** 028 9031 6100 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

یوکے میں زنانہ اعضاء تولید کا قطع کرنا (فیمیل جینیٹل میوٹیلیشن) یا کاٹنا غیر قانونی ہے اور اگر کسی بچہ کے ساتھ کیا جائے تو اسے بچہ کے ساتھ بدسلوکی (چائلڈ ابیوز) تصور کیا جاتا ہے۔ اس میں یہ کارروائی کرانے کے لیے عورتوں یا لڑکی کے لیے کسی دوسرے ملک کے سفر کا انتظام کرنا بھی شامل ہے۔ FGM کے شکار ایسے افراد جنہیں تعاون کی ضرورت ہے اپنے GP سے اپنے لیے کسی ماہر ڈاکٹر یا سپورٹ گروپ سے بات کرنے کا انتظام کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ کچھ رفاہی ادارے بھی صلاح اور تعاون فراہم کرتے ہیں۔

اگر آپ کو تشویش ہے کہ کوئی بچہ یا کمسن عورت خطرے میں ہے تو آپ NSPCC کی ہیلپ لائن کو کال کر سکتے ہیں، یا اگر آپ خطرے میں ہیں تو آپ پولیس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

محفوظ رہنا

ایمرجنسی خدمات
اگر آپ یا کسی دیگر شخص کو کوئی ایمرجنسی ہے تو تمام ایمرجنسی خدمات کے لیے ☎**999** پر کال کریں۔ ان میں پولیس، فائر سروس، یا ایمبولنس سروس بھی شامل ہیں

اگر آپ غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں یا کسی جرم کی اطلاع دینا چاہتے ہیں تو آپ کو پولیس سے رابطہ کرنا چاہیے۔

چور اور دھوکے باز پائے جاتے ہیں، اور زندگی کے زیادہ تر کام آن لائن انجام دئے جانے کے ساتھ، وہ آپ سے پیسے لینے کے لیے آپ کا ڈیٹا اور ذاتی معلومات حاصل کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں یا شناخت کی چوری انجام دے سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے بینک کی طرف سے اپنے بینک کی تفصیلات پوچھتے ہوئے کوئی متنی پیغام یا ای میل وصول کرتے ہیں تو جواب نہ دیں۔ حکومت یا آپ کا بینک متن یا ای میل کے ذریعہ آپ کی تفصیلات کبھی نہیں پوچھیں گے۔ ڈیجیٹل سیفٹی اور خود کو آن لائن جرم سے محفوظ رکھنے سے متعلق مزید معلومات **نیشنل سائبر سیکورٹی سنٹر** پر یہاں سے مل سکتی ہے: **www.ncsc.gov.uk/section/advice-guidance/all-topics**

یوکے میں عوامی احاطہ بند جگہوں جیسے بارز، بازار اور مقامات کار میں تمباکو نوشی کرنا غیر قانونی ہے۔ 18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کے ہاتھوں تمباکو یا الکحل فروخت کرنا بھی غیر قانونی ہے۔

یوکے میں ادھر ادھر کوڑا پھینکنا بھی غیر قانونی ہے، اس لیے، تمام کچرا (بشمول سگریٹ کی بٹ) کوڑے دان یا سگریٹ بن میں ڈالا جانا چاہیے۔ اگر پکڑے گئے تو آپ پر کونسل کی طرف سے ایک متعین جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

انگریزی سیکھنا

'ESOL' (انگلش فار اسپیکرز آف ادر لینگویجیز/دیگر زبانیں بولنے والوں کے لیے انگریزی) کی کلاسیں اکثر پورے ملک میں کالجوں، کمیونٹی سنٹرز، مقامی رفاہی اداروں اور کتب خانوں میں بھی مہیا کی جاتی ہیں۔ آپ ایسی کلاسیں تلاش کر سکتے ہیں جو دن کے دوران اور شام میں چلتی ہیں۔ یوکے میں ESOL کا کوئی ایک مہیاکنندہ نہیں ہے۔ آپ سرچ انجن میں " ESOL + آپ کا علاقہ" تلاش کرتے ہوئے ایسا مہیاکنندہ پا سکتے ہیں جو آپ سے سب سے قریب ہو۔

بچوں کی اسکولنگ

یوکے کے قانون کے تحت، لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کے لیے اسکول جانا **لازمی** ہے۔ یہ اہم ہے کہ آپ یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ اسکول جاتا ہے۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے ہیں تو آپ قانونی کارروائی یا جرمانہ کا سامنا کر سکتے ہیں۔ 11 – 4 سال کے بچوں کی تعلیم کو پرائمری اسکول کہا جاتا ہے اور 16 – 12 سال کے بچوں کی تعلیم کو سیکنڈری اسکول کہا جاتا ہے۔ دونوں مفت ہیں۔

آپ کے لیے اپنے بچہ کا رجسٹریشن 4 یا 5 سال کی عمر سے، جس کا انحصار ان کی یوم پیدائش پر ہے، کسی اسکول میں کرانا ضروری ہے۔

میں اسکول کے لیے اپنے بچوں کا رجسٹریشن کس طرح کراؤں؟

اس سے پہلے کہ آپ کا بچہ اسکول کا آغاز کر سکے، آپ کے لیے اسکول سے ملنا اور فارم بھرنا لازمی ہے۔ ہر مقامی مقتدرہ اسکول کی جگہوں کے لیے درخواست دینے سے متعلق الگ ضابطے رکھتی ہے۔ اگر آپ کو معلوم نہیں ہے کہ رجسٹریشن کس طرح کرائیں تو اپنے مقامی اسکول پر پوچھیں جو آپ کو معلومات فراہم کر سکتا ہے۔ کسی بھی بچہ کو کسی اسکول میں جگہ کی ضمانت نہیں دی جاتی ہے، خواہ وہ آپ کے گھر سے قریب ہی ہو یا بھائی بہن وہاں پڑھتے ہی ہوں۔

اسکول کی جگہوں سے متعلق ملاقات کرتے وقت آپ ترجمان کا حق رکھتے ہیں۔ آپ کو پتہ کا ثبوت، کوئی ایسا شناختی کارڈ جو آپ اور آپ کے بچہ کے پاس ہو (BRP، پاسپورٹس، ویزے) اور بچہ کا برتھ سرٹیفکیٹ، اگر ان کے پاس ہو، لانے کی ضرورت ہے۔

اسکول میں داخلہ پانے کی کارروائی میں ہفتوں لگ سکتے ہیں، اور ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچوں کو آپ کے ترجیحی اسکول یا آپ کے سب سے قریبی اسکول میں جگہ نہ پیش کی جا سکے۔

آپ کو پرائمری اسکول کی جگہوں کے لیے درخواست دینے سے متعلق معلومات یہاں سے مل سکتی ہے:
www.gov.uk/apply-for-primary-school-place۔

آپ کو سیکنڈری اسکول کی جگہوں کے لیے درخواست دینے سے متعلق معلومات یہاں سے مل سکتی ہے:
www.gov.uk/apply-for-secondary-school-place۔

یہاں تک کہ اگر یہ ممکن ہو کہ آپ کسی نئے مکان میں منتقل ہو سکتے ہیں، یا اگر آپ کی ہاؤسنگ سے متعلق صورت حال واضح نہیں ہے، تب بھی آپ کو اپنے بچہ کے اسکول جانے کے لیے درخواست دینی چاہیے۔ اگر آپ کسی نئے مکان میں منتقل ہوتے ہیں تو آپ کے بچہ کو اسکول منتقل کرنا پڑ سکتا ہے۔

کیا سفر، اسکول یونیفارم، اور اسکول کے کھانوں کے لیے مالی مدد دستیاب ہے؟

اگر آپ اپنے بچوں کے اسکول سے ایک مخصوص دوری پر رہتے ہیں تو مفت اسکول ٹرانسپورٹ دستیاب ہو سکتا ہے، اور یہ اس علاقہ پر منحصر ہے جہاں آپ رہتے ہیں۔ بچوں کے اسکول چھوڑنے کے سبب کے طور پر یہ کہنا کافی نہیں ہے کہ آپ بہت دور رہتے ہیں۔ اگر بچوں کو لمبی دوری کا سفر کرنا ہے تو اسکول مدد کر سکتے ہیں۔

اضافی مالی مدد جیسے اسکول یونیفارم گرانٹس اور فری اسکول میلس دستیاب ہو سکتے ہیں، اگر آپ کم آمدنی پر ہیں یا مخصوص منافع وصول پا رہے ہیں۔ آپ کو **اپنی مقامی مقتدرہ سے گرانٹس اور مالی تعاون کے بارے میں پوچھنے** کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ دستیاب مدد مختلف مقامی مقتدرہ میں مختلف ہے۔

اسکول چھوڑنا

وہ عمر جس میں بچے اسکول چھوڑ سکتے ہیں اس کا انحصار اس پر ہے کہ آپ یوکے میں کہاں رہتے ہیں، لیکن سیکنڈری اسکول 16 سال کی عمر کے بعد ختم ہو جاتا ہے۔ بچے 16-18 سال کی عمر سے کسی فارم میں اپنی تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔ یہ کسی ملازمت میں تربیت، زیر تربیت ملازمت یا کسی اور جگہ جیسے کالج یا چھٹے فارم میں مزید تعلیم ہو سکتی ہے۔

اگر آپ چائلڈ بینیفٹ وصول پاتے ہیں تو بچوں کے تعلیم چھوڑنے کے بعد ادائیگیاں بند ہو جائیں گی، اور وہ 18 سال کی عمر کا ہونے تک عام طور پر یونیورسل کریڈٹ کا کلیم کرنے کے اہل نہیں ہوں گے۔

ان بچوں کے لیے تعاون دستیاب ہے جنہیں، خصوصی ضروریات یا انگریزی زبان کے ضمن میں، اضافی مدد کی ضرورت ہے۔ اسکول کے سیاق میں خصوصی ضروریات کا مطلب ہے آموزشی دشواریوں، جسمانی معذوری یا جذباتی اور رویہ جاتی دشواریوں کی وجہ سے کوئی بھی مخصوص تعلیمی ضروریات۔ اگر کوئی بچہ خصوصی ضروریات یا انگریزی زبان سے متعلق ضروریات رکھتا ہے تو والدین اپنی مقامی مقتدرہ اور اسکول سے بات کر سکتے ہیں اور یقینی بنا سکتے ہیں کہ انہیں وہ تعاون ملے جس کی انہیں ضرورت ہے۔

بچوں کو محفوظ رکھنا

یوکے میں اپنے بچوں کے تحفظ، نگہداشت، نشوونما، اور سلامتی کے لیے قانونی طور پر آپ ذمہ دار ہیں۔ انہیں نقصان اور خطرے سے محفوظ رکھنا آپ کا کام ہے۔ بچوں کو تنہا چھوڑ دینا جرم ہے، اگر یہ انہیں خطرے میں ڈال دیتا ہے۔ شیر خوار بچے، چھوٹے بچے اور کمسن بچے کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑے جانے چاہئیں۔ عام طور پر، 16 سال سے کم عمر کے بچوں سے کمسن بچوں کی دیکھ بھال کرنے کے لیے نہیں کہا جانا چاہیے اور وہ بچے جو 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں انہیں زیادہ دیر تک یا رات بھر دیگر بچوں کی دیکھ بھال نہیں کرنی چاہیے۔

کیا میں اپنے بچہ کی پٹائی کر سکتا ہوں؟

بچوں کی جسمانی تادیب کرنے سے متعلق طرز عمل یوکے میں تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں۔ اسکاٹ لینڈ اور ویلز میں بچوں کی پٹائی کرنا یا انہیں مارنا غیر قانونی ہے۔ یوکے کے دیگر حصوں میں کسی بچہ کی پٹائی کرنا یا اسے مارنا غیر قانونی ہے، اگر آپ ان کے لیے چوٹ کا باعث بنتے ہیں یا ان پر کوئی نشان چھوڑتے ہیں۔ آپ اپنے ہاتھ یا پھر کسی چیز سے مارنے یا پٹائی کرنے کے ذریعہ اپنے بچہ کو سزا دینے کے لیے قانونی مشکل میں پڑ سکتے ہیں، کیوں کہ اسے ایک بدسلوکی کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔

جسمانی تادیب یا پٹائی کرنے کی بجائے، بچوں کا رویہ تبدیل کرنے کے لیے مختلف طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے پیرنٹنگ سے متعلق معلومات یہاں مل سکتی ہے:

learning.nspcc.org.uk/research-resources/leaflets/positive-parenting

بچہ کے ساتھ بدسلوکی (چائلڈ ابیوز) کیا ہے؟

بچہ کے ساتھ بدسلوکی اس وقت ہوتی ہے جب کسی بچہ کو کسی بالغ فرد یا دوسرے بچہ کے ذریعہ دانستہ طور پر نقصان پہنچایا جاتا ہے – یہ ایک مدت تک ہو سکتا ہے لیکن یہ ایک بار کی کارروائی بھی ہو سکتی ہے۔ یہ جسمانی، جنسی، جذباتی ہو سکتی ہے اور یہ شخصی طور پر یا آن لائن ہو سکتی ہے۔ یہ محبت، نگہداشت اور توجہ نہ ہونا، یا کھانے، پناہ، گرمی اور صفائی وغیرہ کے لیے بچہ کی بنیادی ضروریات نہ پوری کرنا بھی ہو سکتا ہے – اسے 'لاپرواہی' کہا جاتا ہے۔

خانگی زندگی کے بارے میں بہت سے سوالات پوچھنا اور مداخلت کرنا حکومت اور اس کی ایجنسیوں کا قانونی فرض ہے، اگر وہ سمجھتی ہیں کہ کسی بچہ کے ساتھ بدسلوکی کی گئی ہے یا وہ بدسلوکی کیے جانے کے خطرے میں ہو سکتا ہے یا اگر وہ کسی بچہ کے بارے میں سوالات یا تشویشات رکھتی ہیں۔

اسکولز، ڈاکٹرز، دیگر پیشہ ور افراد، اور تنظیموں (جیسے برٹش ریڈ کراس) کا فلاح و بہبود سے متعلق ایسی تشویشات کی اطلاع دینا قانونی فرض ہے جو انہیں کسی کے بچوں کے بارے میں لاحق ہوں۔ اسے سیفگارڈنگ کہا جاتا ہے۔ سیفگارڈنگ میں سوالات پوچھنا بھی شامل ہے، اگر کسی بچہ کو چوٹ لگی ہے، اس کے اوپر خراشیں یا جلنے کے نشانات ہیں، اسے کھانا نہیں کھلایا گیا ہے، نہلایا نہیں گیا ہے، اگر اس کے کپڑے پھٹے ہوئے ہیں، یا اگر وہ اسکول نہیں آرہا ہے۔ وہ جانچ کرتے ہیں کہ آیا اس بچہ کے ساتھ بدسلوکی کی جا رہی ہے یا اس سے لاپرواہی برتی جاتی ہے۔

سماجی خدمات کیا ہیں؟

سماجی خدمات برائے اطفال قانونی طور پر مداخلت کر سکتی ہیں، اگر کسی بچہ کے تحفظ سے متعلق کوئی حقیقی تشویش پائی جاتی ہے۔ سنگین حالات میں، عدالتیں کسی بچہ کو اس کے گھر سے فوسٹر ہوم میں لے جانے کی اجازت دیتی ہیں تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ نقصان سے محفوظ رہیں۔ ان کے فیصلے ہمیشہ بچہ کو مقدم رکھتے ہیں۔

اگر میں اپنے بچہ یا کسی دیگر بچہ کے بارے میں فکرمند ہوں تو میں NSPCC یا چائلڈ لائن سے رابطہ کر سکتا ہوں۔

NSPCC 0808 800 5000

چائلڈ لائن 0800 1111

سماجی خدمات برائے اطفال خاندانوں کی مدد کرنے کے لیے کام کرتی ہے اور بچوں کو ہٹانے کا ارادہ نہیں رکھتی ہیں – ایسا صرف انتہائی معاملات میں ہوتا ہے۔ وہ ایسے انداز میں ایک ساتھ رہنے کے لیے خاندانوں کا تعاون کرنے کے طریقے تلاش کرنے کی کوشش کرتی ہیں جو بچوں کو محفوظ اور بدسلوکی سے آزاد رکھیں۔ وہ ان والدین یا خاندانوں کا تعاون کرنے کے لیے زیادہ تر عملی صلاح اور تعاون فراہم کرنے میں شامل ہوتی ہیں جو مالی یا جذباتی لحاظ سے پریشان ہو سکتے ہیں یا جن کے لیے اپنے بچوں کے رویہ پر قابو رکھ پانا مشکل ہوتا ہے۔

اس تعاون کو مختلف ناموں سے جانا جاتا ہے اور یہ مختلف جگہوں میں مختلف ہو سکتا ہے لیکن ان کی ترجیح خاندانوں کی مدد کرنے کی کوشش کرنا ہے۔ آپ اپنی مقامی مقتدرہ سے بات کرتے ہوئے یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ آپ کے مقامی علاقہ میں کیا دستیاب ہے۔

گھریلو بدسلوکی

'گھریلو بدسلوکی' ایک اصطلاح ہے جو یوکے میں کسی بھی ایسے تشدد یا کارروائی کو بیان کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو کسی پارٹنر یا خاندان کے فرد پر گرفت اور قابو رکھنے یا حاصل کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ یوکے میں ایک جرم ہے۔ اس میں جسمانی، جنسی، نفسیاتی، زبانی، جذباتی اور مالی بدسلوکی شامل ہو سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، اپنے پارٹنر یا بچوں کو مارنا قانون کے خلاف ہے، لیکن اپنے پارٹنر کی نقل و حرکت، وہ کس سے بات کرتے ہیں، پیسے تک ان کی رسائی یا دوستوں سے ملنے جانے کے تئیں ان کی آزادی پر گرفت رکھنا بھی غیر قانونی ہے۔

اگر میں گھریلو بدسلوکی کا سامنا کر رہا ہوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ تحفظ کے حقدار ہیں اور رہنے کے لیے کسی محفوظ جگہ تک رسائی رکھ سکتے ہیں – تو اسے پناہ گاہ کہتے ہیں۔ اگر آپ اپنے رشتہ میں **گھریلو تشدد یا بدسلوکی** کا سامنا کرتے ہیں اور اپنا رشتہ چھوڑنا چاہتے ہیں تو ایسی جگہیں موجود ہیں جہاں آپ مدد کے لیے جا سکتے ہیں۔

ایمرجنسی خدمات اگر آپ یا کوئی اور فوری خطرے میں ہیں تو ہمیشہ **999**_☎ پر کال کریں۔

نیشنل ڈومیسٹک ابیوز کی ہیلپ لائن www.nationaldahelpline.org.uk **0808 2000 247** کسی بھی وقت، دن یا رات میں، رازدارانہ طور پر صلاح اور مدد فراہم کرتی ہے۔ وہ آپ کو رہائش گاہ یا خصوصی خدمات میں ریفر کر سکتے ہیں۔

یوکے میں ذاتی رشتے

یوکے میں قانون کے تحت مردوں اور عورتوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ شوہر اور بیوی دونوں کو اپنے رشتہ میں فیصلے کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ کے پارٹنر کو، آپ کی جانکاری اور اتفاق کے بغیر، ایسے فیصلے کرنے کی اجازت نہیں ہے جن سے آپ متاثر ہوتے ہوں۔

یوکے کا قانون جنسی عمل کے لیے رضامندی کا تقاضا کرتا ہے۔ رضامندی اس وقت ہوتی ہے جب کسی کو کوئی انتخاب کرنے کی آزادی اور اعتماد حاصل ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ دونوں لوگ جب بھی جنسی عمل کرتے ہیں ہر بار جنسی عمل کے لیے **ہاں** کہیں۔ اگر آپ اپنا ذہن بدل لیتے ہیں اور **نہیں** کہتے ہیں تو آپ کے پارٹنر کے لیے سننا لازمی ہے۔ اگر آپ شادی شدہ ہوں، تب بھی رضامندی کی ضرورت ہے۔

کسی عورت یا مرد، یہاں تک کہ آپ کے جوڑے، کے ساتھ ان کی باخبری پر مبنی رضامندی کے بغیر جنسی عمل کرنا یوکے میں غیر قانونی ہے اور زنا بالجبر تصور کیا جاتا ہے۔ یہ ایک جرم ہے، اور آپ اس کی اطلاع پولیس کو دے سکتے ہیں۔

یوکے میں جنسی سرگرمی کے لیے رضامندی کی عمر 16 سال ہے۔ 16 سال سے کم عمر کے لوگوں کے لیے کسی جنسی سرگرمی میں شامل ہونا غیر قانونی ہے، خواہ دونوں لوگ 16 سال سے کم عمر کے ہوں۔

یوکے میں خاندان اور رشتے متنوع ہیں۔ یہاں تنہا والدین، سوتیلے والدین یا ایک ہی جنس کے والدین اور ان کے بچوں والے خاندان ہوتے ہیں۔ قانونی طور پر، عورتیں دوسری عورتوں سے شادی کر سکتی ہیں، اور مرد بھی دوسرے مردوں سے شادی کر سکتے ہیں۔

شادیاں قانونی نتائج کے ساتھ ایک قانونی معاہدہ ہیں۔ جب کہ لوگ مذہبی شادیاں کر سکتے ہیں لیکن صرف وہی شادیاں جو کسی سول آفس میں رجسٹرڈ ہیں (یعنی سول میریج کا لائسنس رکھتی ہیں) سرکاری طور پر تسلیم شدہ ہیں۔ ایک وقت میں ایک سے زیادہ شخص کے ساتھ شادی شدہ ہونا ممکن نہیں ہے، اسے بائیگیمی (ایک شادی کے ہوتے ہوئے دوسری شادی) کہا جاتا ہے اور یہ غیر قانونی ہے۔ طلاق بھی ایک قانونی کارروائی ہے جو مرد اور عورت دونوں شروع کر سکتے ہیں۔ علیحدگی ہمیشہ غم کی مدت ہوتی ہے، لیکن یوکے میں طلاق کسی بھی فریق کو بالکل محروم نہیں چھوڑتا ہے۔

خاندان سے علیحدگی:

اپنے خاندان سے دوبارہ ملنا بہت زیادہ خوشی کا موقع ہو سکتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ، اس وقت دشواریاں اور مشکل جذبات بھی ہو سکتے ہیں، جو تناؤ بھرے ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ کا رشتہ ٹوٹ جاتا ہے تو **جتنی جلدی ممکن ہو قانونی صلاح لینا اہم ہے**، خواہ آپ کو شبہ ہی ہو کہ آپ کا رشتہ ٹوٹ سکتا ہے۔

یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ آپ کے خصوصی حقوق اور استحقاقات آپ کے 'کفیل' کی امیگریشن حیثیت سے جڑے ہوئے ہیں۔ اگر آپ کے کفیل کی رہنے کی اجازت کی میعاد ختم ہو جاتی ہے، یا اس شخص کے ساتھ آپ کا رشتہ ٹوٹ جاتا ہے، تو آپ اپنے ویزا اور استحقاقات سے محروم ہو سکتے ہیں۔ تاہم، آپ کے لیے یوکے میں رہنے کے اختیارات ہو سکتے ہیں، اگر آپ کے کفیل کے ساتھ آپ کا رشتہ ٹوٹ جاتا ہے اور آپ کو فوری طور پر امیگریشن سے متعلق قانونی صلاح لینی چاہیے۔

اگر آپ کا رشتہ ٹوٹ جاتا ہے تو آپ کا کفیل آپ کو یوکے سے "ملک بدر" نہیں کرا سکتا یا "ہٹا" نہیں سکتا، لیکن وہ ہوم آفس کو مطلع کر سکتا ہے کہ آپ کے ساتھ اس کا رشتہ بدل گیا ہے۔ پھر ہوم آفس آپ کا ویزا کم کرنے کا انتخاب کر سکتی ہے یا آپ سے چلے جانے کے لیے کہہ سکتی ہے سوائے اس کے کہ آپ اپنے ویزے کی نوعیت بدل لیں۔

اگر آپ کا رشتہ ٹوٹ جاتا ہے اور آپ یوکے سے جانا چاہتے ہیں تو آپ ایسا کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس اپنے اصل ملک واپس جانے کے لیے پیسے یا دستاویزات نہیں ہیں تو آپ کو اس بارے میں کسی قانونی صلاح کار یا سالیسیٹر سے صلاح لینی چاہیے کہ آیا آپ گھر واپس جانے کے لیے ہوم آفس سے مدد کی درخواست کر سکتے ہیں یا آپ کو کرنی چاہیے۔

کچھ ایسی قومی تنظیمیں بھی پائی جاتی ہیں جو امیگریشن سے متعلق کچھ مفت صلاح بھی فراہم کر سکتی ہیں، لیکن مزید مدد کے لیے آپ کو کسی سالیسیٹر کو شامل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

رائٹس آف ویمین (انگلینڈ اور ویلز فقط)

☎ 020 7490 7689 پیر اور جمعرات 10 بجے صبح – 4 بجے شام www.rightsofwomen.org.uk

جسٹ رائٹ اسکاٹ لینڈ (اسکاٹ لینڈ فقط)

☎ 0141 406 5350 /www.justrightscotland.org.uk

مائیگرینٹ ہیلپ (پناہ کی کارروائی سے متعلق صلاح)

☎ 0808 800 630 🌐 www.migranthelpuk.org